SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبرXIX مجریہ،2011

THE ACT NO. XIX OF 2011

سندھ سیاحتی رہنما ایکٹ،2011

THE SINDH TOURIST GUIDES ACT,2011

(CONTENTS) فہرست

فہرست

تمہید(Preamble)

دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

2. تعریف

Definition

3. کمیٹی

Committee.

4. سیاحتی رہنما کو لائسنس جاری کرنا

Licensing of tourist guides.

5. نظم وضبط

Code of conduct

6.لائسنس کی معطلی یارد کرنا

Suspension or cancellation of licence.

7.۔سیاحتی رہنما کے طور پر کام کرنے کے لیئے پابندی

Prohibition to act as a tourist guides.

8.سیاحتی رہنمائی کی خدمات کا معاوضہ

Service charges of tourist guides.

9. جرمانہ اور طریقہ کار

Penalty and procedure.

10. تفویض اختیارات

Delegation of powers.

11. قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

سندھ ایکٹ نمبرXIX مجریہ، 2011

THE ACT NO. XIX OF 2011

سندھ سیاحتی رہنما ایکٹ، 2011

THE SINDH TOURIST GUIDES ACT,2011

فہرست (CONTENTS)

[6 جولائی 2011]

ایکٹ جس کے ذریعے سیاحوں کی رہنمائی کرنے والے شعبے کے لیئے قواعد اور ضوابط فراہم کیئے جائیں گے،

جیسا کہ سیاحوں کی رہنمائی کرنے والے شعبے کے لیئے قواعد اور ضوابط فراہم کرنا ضروری ہو گیا ہے، اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

1.(1) اس ایکٹ کو سندھ سیاحتی رہنما ایکٹ، 2011 کہا جائے گا:

(2) اس کا دائرہ اطلاق تمام سندھ صوبے پر ہو گا اور تمام سیاحتی رہنماؤں پر عائد ہو گا جو جہاں بھی ہوں۔

(3). یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

تعریف

Definition

2. اس ایکٹ میں، جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو، تب تک:

کمیٹی

Committee	"کمیٹی" سے مراد حکومت کی طرف سے بنائی گئی سیاحوں کی رہنمائی کرنے والوں کی ریگولیٹری کمیٹی،	(a)
	"حکومت" سے مراد سندھ حکومت،	(b)
	"لائسنس" سے مراد دفعہ 4 کے تحت جاری کردہ لائسنس،	(c)
	"بیان کردہ" سے مراد قواعد کے مطابق بیان کردہ،	(d)
	"قواعد" سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد، اور	(e)
	"سیاحتی رہنما" سے مراد وہ شخص جس کو دفعہ 4 کے تحت ایسا لائسنس دیا گیا ہو،	(f)
	کمیٹی مندرجہ ذیل کام سرانجام دے گی، یعنی:	(3)
	اس ایکٹ کی گنجائشوں اور قواعد پر عملدرآمد میں حکومت کو مشورہ دینا،	(a)
	حکومت کو سیاحتی رہنماؤں کے لیئے کوڈ آف کنڈکٹ کی تیاری میں مدد کرنا، اور	(b)
	ایسے دوسرے کام سرانجام دینا جو اس ایکٹ سے متعلق ہوں اور جو حکومت اسکے سپرد کرے۔	(c)
سیاحتی رہنما کو لائسنس جاری کرنا۔ Licensing of tourist guides	کوئی بھی شخص جو ٹوئرسٹ گائیڈ کے طور ہر کام کر رہا ہو یا ٹوئرسٹ گائیڈ بننے کا خواہش مند ہو، وہ لائسنس کے لیئے حکومت کو بیان کردہ فارم پر درخواست کر سکتا ہے۔	4.(1)
	ذیلی دفعہ (1) کے تحت درخواست ملنے پر، حکومت بیان کردہ ٹیسٹ کا انعقاد کرنے کے بعد اور درخواست گذار کی طرف سے بیان کردہ فیس کی ادائیگی کے بعد اگر وہ ان ٹیسٹ میں کامیابی حاصل کرتا ہے تو درخواست گذار کو بیان کردہ طریقے کے مطابق لائسنس جاری کر سکتی ہے۔	(2)
	لائسنس، جب تک کہ پہلے سے معطل نہ کیا گیا ہو یا دفعہ 6 کے تحت رد نہ کیا جائے تین سال کے عرصے تک کارگر رہے گا اور ہر تین سال کے عرصے کے بعد بیان کردہ طریقے کے مطابق بیان کردہ فیس کی ادائیگی پر ری نیو کیا جائے گا۔	(3)

نظم وضبط

Code of conduct

5. حکومت کمیٹی سے مشورے کے بعد سیاحتی رہنماؤں کے لیئے کوڈ آف کنڈکٹ بیان کریگی۔

لائسنس کی معطلی یارد کرنا

Suspension or cancellation of licence

6.(1) حکومت سیاحتی رہنماؤں کو سبب جاننے کا موقعہ دینے کے بعد کہ کیوں ان کے خلاف تجویز کردہ قدم نہ لیا جائے، ٹوئرسٹ گائیڈ کا لائسنس یا معطل یارد کر سکتی ہے، اگر وہ:

(a) لائسنس کی شرط اور ضوابط کی خلاف ورزی کرتا ہے، یا

(b) کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی کرتا ہے۔

(2) کوئی سیاحتی رہنما جو ذیلی دفعہ (1) کے تحت کسی عملدار یا حکومت کے سوا کسی اتھارٹی کے لیئے گئے فیصلے یا حکم سے متاثر ہوا ہو تو بیان کئے گئے وقت کے اندر حکومت کو بیان کیئے گئے طریقے کے مطابق اپیل کر سکتا ہے اور ایسی اپیل پر حکومت کے احکام حتمی ہونگے۔

(b) حکومت کسی بھی وقت اپنے عمل یا اس ایکٹ یا قواعد کے تحت حکومت کی طرف سے کیئے گئے کسی بھی فیصلے یا حکم سے متاثر کسی سیاحتی رہنما کی درخواست پر بیان کئے گئے وقت اور بیان کیئے گئے طریقے کے مطابق، ایسا حکم جاری کر سکتی ہے جیسا وہ مناسب سمجھے۔

بشرطیکہ مزید براں کہ سیاحتی رہنما کے خلاف کوئی بھی حکم جاری نہیں کیا جائے گا، جب تک اس کی سبب جاننے اور سننے کا موقعہ فراہم نہ کیا جائے

سیاحتی رہنما کے طور پر کام کرنے کے لیئے پابندی

7. علاوہ اسکے کہ جب تک اس ایکٹ کے تحت کچھ اور نہ ہو، تب تک کوئی بھی شخص خود کو باہر نہیں کر سکے گا یا سیاحتی رہنما کے طور پر کام نہیں کرے گا، جب تک لائسنس نہیں رکھتا ہو۔

Prohibition to act as a tourist guides

سیاحتی رہنمائی کی خدمات کا معاوضہ

Service charges of tourist guides.

8.(1) حکومت وقتاً فوقتاً سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے سیاحتی رہنما کے لیئے زیادہ سے زیادہ قابل وصولی معاوضہ طے کرے گی ان خدمات کے عیوض جو ان کو فراہم کی گئی ہوں۔

(2) سیاحتی رہنما کسی بھی شخص سے اس طرح کی فراہم کی گئی کسی خدمت کے عیوض ذیلی دفعہ (1) میں طے کیئے گئے چارجز سے زائد رقم وصول نہیں کرے گا۔

(3) ٹریول اور ٹوئرسٹ ایجنسیز کے کاروبار کے انتظامات اور ضوابط کے لیئے قانون کے تحت لائسنس شدہ کسی ایجنسی کی طرف سے کل وقتی بنیادوں پر مقررہ تنخواہ پر رکھے گئے گائیڈز کسی سیاح سے کوئی فیس وصول نہیں کرینگے۔

جرمانہ اور طریقہ کار

Penalty and procedure

9.(1) جو بھی:

(a) وہ شخص ہو گا جسے لائسنس جاری نہ کیا گیا ہو، یا

(b) وہ شخص ہو گا جس کا لائسنس رد کیا گیا ہو یا وقتی طور پر معطل کیا گیا ہو،

خود کو باہر رکھتا ہے یا سیاحتی رہنما کے طور پر کام کرتا ہے یا دوسری صورت میں اس ایکٹ یا قواعد کی خلاف ورزی کرتا ہے یا دفعہ 8 کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت جاری کیئے گئے نوٹی فکیشن کی خلاف ورزی کرتا ہے یا بیان کیئے گئے کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی کرتا ہے تو وہ قابل سزا ہو گا جو سزا پانچ ہزار روپئے تک بڑھ سکتی ہے۔

(2) کوئی بھی مجسٹریٹ جس کو وقتی طور پر 1898 کے کوڈ آف کریمنل پروسیجر کی دفعہ 260 کی ذیلی دفعہ (1) میں بیان کیئے گئے جرائم کی سماعت کا اختیار حاصل ہو۔ وہ اس کوڈ کے باب XXII کی گنجائشوں کے مطابق اس ایکٹ کے تحت قابل سزا جرائم

کی سماعت کر سکتا ہے۔

(3) کوئی بھی عدالت اس ایکٹ کے تحت قابل سزا جرم پر کاروائی نہیں کرے گی جب تک کہ اس سلسلے میں تحریری یا حکومت کی اتھارٹی کے تحت شکایت نہ کی جائے۔

تفویض اختیارات

Delegation of powers

10. حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے ہدایت کر سکتی ہے کہ اس ایکٹ کے تحت اس کے تمام یا کوئی بھی اختیار ایسی شرائط کے تحت اگر کوئی ہوں، جیسا بیان کیا گیا ہو۔ کسی عملدار یا حکومت کے ماتحت اتھارٹی کی طرف سے قابل استعمال ہوں گے۔

قواعد بنانے کا اختیار

Power to make rules

11.(1) حکومت سرکاری گزیٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

(2) خاص طور پر اور مندرجہ بالا اختیارات کی وعام حیثیت سے تضاد کے سوا ایسے قواعد مندرجہ ذیل تمام یا کچھ معاملات کے لیئے فراہم کرنے ہیں،

یعنی:

(a) لائسنس جاری کرنا اور تجدید کرنے کے لیئے قابل ادائیگی فیس۔

(b) فارم جس کے تحت لائسنس کے لیئے درخواست کی جائے گی،

(c) لائسنس کا فارم:

(d) کوڈ آف کنڈکٹ: اور

(e) شرائط جن کے تحت لائسنس دیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔